KATHY HOCHUL گورنر

فوری ریلیز کے لیے: 2023/6/12

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ ساؤتھ فورک ونڈ لانگ آئی لینڈ کو پہلی سمندری ہوا سے پیدا کردہ بجلی فراہم کر رہی ہے

South Fork Wind پورے امریکہ میں وفاقی پانیوں میں "پاورنگ اپ" شروع کرنے والا پہلا یوٹیلٹی اسکیل آف شور ونڈ فارم بن گیا ہے

دو ٹربائن پہلے ہی نصب کیے جا چکے ہیں؛ جبکہ تمام 12 ٹربائنز سنہ 2024 کے اوائل تک انسٹال ہونے کی توقع ہے

اس سے نیو یارک کے ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے مقاصد میں مزید پیشرفت ہوئی ہے جسکے تحت 2035 تک ساحلی ہوا سے نو گیگا واٹس بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس نصب کیے جائیں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج ساؤتھ فورک ونڈ میں پہلی آپریشنل ونڈ ٹربائن سے لانگ آئی لینڈ کو صاف بجلی کی کامیاب ترسیل شروع ہونے کا اعلان کیا، جس سے امریکہ کے وفاقی پانیوں میں "پاورنگ اپ" شروع کرنے والے یوٹیلٹی پیمانے کے آف شور ونڈ فارم کے تاریخی سنگ میل کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس پروجیکٹ نے دو ٹربائنوں کی تنصیب مکمل کر لی ہے جن میں سے ایک آپریشنل ہو چکا ہے، جبکہ توقع کی جا رہی ہے کہ تقریباً 35 میل دور مونتاک کے قریب تمام 12 ٹربائنیں 2024 کے اوائل تک نصب کی دی جائیں گی۔ آج کا یہ اعلان ریاست کے ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اس ہدف کی جانب پیش رفت کی نشاندہی کر رہا ہے جسکے تحت 2035 تک ساحلی ہوا سے نو گیگا واٹس بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تنصیب کی جائے گی۔

"نیویارک کی قابلِ بھروسہ، قابلِ تجدید صاف توانائی پیدا کرنے کی ملک کی سرکردہ کوششیں ایک اور اہم سنگِ میل تک پہنچ گئی ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "South Fork Wind ہزاروں گھروں کو بجلی فراہم کرے گی، اچھی تنخواہوں والی یونین ملازمتیں پیدا کرے گی، اور سب کو عملی طور پر ثابت کرکے دکھائے گی کہ ساحلی ہوا ایک زبردست وسیلہ ہے جسے نیویارک کی آنے والی نسلوں کے لیے توانائی پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔"

یہ سنگ میل جو نیویارک کی پہلی آف شور ونڈ ٹربائن کی تنصیب کے صرف دو ہفتوں بعد حاصل کیا گیا، اسکا جشن مشرقی ہیمپٹن کے جوائنٹ وینچر پارٹنرز Ørsted اور Eversource، ریاست، کاؤنٹی اور مقامی حکام، وکلاء، اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ مل کر منایا جا رہا ہے۔ مکمل ہونے پر، South Fork Wind تقریباً 130 میگا واٹ قابل تجدید بجلی پیدا کرے گی جو لانگ آئی لینڈ کے تقریباً 70,000 گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہوگی۔ South Fork Wind کی پیدا کردہ قابل تجدید توانائی ہر سال ساٹھ ملین ٹن کاربن کے مضر اخراج کو ختم کرے گی، جو کہ 60,000 کاروں کو سڑک سے ہٹانے کے برابر ہے۔

Long Island Power Authority کے سی ای او Thomas Falcone نے کہا، "آج کا دن نیویارک کے لیے پائیدار اور لچکدار توانائی کے مستقبل کے گورنر Hochul کے تصور کو عملی جامہ پہنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ تنصیب کے عمل کے تقریباً آٹھ سال بعد، توانائی پیدا کرنے والی یہ پہلی آف شور ونڈ ٹربائن گورنر کے اس

تصور کو حقیقت میں بدل رہی ہے۔ LIPA کو لانگ آئی لینڈ اور راک ویز میں ہمارے 1.2 ملین صارفین کی جانب سے اس تاریخی منصوبے کی حمایت کرنے پر بجا طور پر فخر ہے۔"

ریاست نیویارک کے محکمۂ تحقیق و ترقئ توانائی کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "یہ لمحہ توانائی کی منتقلی کی قیادت کرنے والی ہماری برسوں کی محنت، تصور، اور ہمت و محنت کی نمائندگی کر رہا ہے۔ لانگ آئی لینڈ کے رہائشی اب اپنے گھروں اور کاروباروں کو South Fork Wind سے آنے والی صاف اور قابل تجدید بجلی سے چلانے کے فوائد کا تجربہ کر رہے ہیں، اور ہم Orsted، Eversource، LIPA کی ٹیموں، مقامی رہنماؤں، اور ان کارکنوں کو جنہوں نے یہ حیرت انگیز منصوبہ تعمیر کیا اپنی پہلی بجلی پیدا کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے پبلک سروس کمیشن کے چیئر Rory M. Christian نے کہا، "آج لانگ آئلینڈ کو صاف، قابل تجدید بجلی کی فراہمی کی شروعات ریاستِ نیویارک میں صاف توانائی کی معیشت بنانے کی جانب کی جانے والی پیشرفت میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ اس بات کا مثبت ثبوت ہے کہ ہم زیادہ صاف انرجی گرڈ بنانے والے اپنے طویل المدتی اہداف تک پہنچنے میں کامیاب ہو جائیں گے، اور ساتھ ہی یہ گورنر Hochul کی آج تک کی کاوشوں کا بھی ایک منہ بولتا ثبوت ہے۔"

سیکریٹری آف اسٹیٹ Robert J. Rodriguez نے کہا، "South Fork Wind گورنر کے صاف توانائی کے اہداف کو حاصل کرنے کی جانب ایک بڑا اور اہم قدم ہے۔ قوم بالکل واضح طور پر دیکھ رہی ہے کہ نیویارک ایک بار پھر آف شور ہوا کے شع بے میں سبقت لے رہا ہے، اور ہم نیویارک کی کمیونٹیز کے لیے ایک مزید پائیدار مستقبل کی تعمیر کی جانب رواں دواں ہیں۔ لانگ آئلینڈ میں رہنے والے ہزاروں گھرانے اب اعتماد سے یہ بات کہہ سکتے ہیں کہ وہ اپنے کاربن فوٹ پرنٹ کو نمایاں طور پر کم کر رہے ہیں۔ یہ منصوبہ حکومت اور اس صنعت کی تمام سطحوں پر ثابت قدمی اور ہم آہنگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ محکمہ خارجہ نے اس اہم ترقی کے لیے آگے بڑھنے کی ایک آسان راہ بناتے ہوئے پروجیکٹ کے سائٹنگ اثرات کو کم کرنے میں بہت کلیدی کردار ادا کیا۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "گورنر Hochul کی حمایت اور LIPA اور NYSERDA میں DEC کے شراکت داروں کی کاشوں کی بدولت، ریاستِ نیویارک آب و ہوا میں تبدیلی لانے والی گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کم کرنے کے لیے اہم اقدامات کر رہی ہے اور مزید برآں روزگار کے مواقع بھی پیدا کر رہی ہے اور مقامی معیشتوں کو بھی تقویت دے رہی ہے۔ لانگ آئی لینڈ کے ساؤتھ فورک میں ہوا سے پیدا کی گئی بجلی کی کامیاب ترسیل نیو یارک میں رہنے والوں کو توانائی کے صاف ستھرے ذرائع سے چلنے والے سبز مستقبل کی طرف لے جانے والا ایک اہم اور شاندار سنگ میل ہے۔"

Ørsted Group Americas کے EVP اور سی ای او David Hardy نے کہا، "مشرقی ہیمپٹن اب نیویارک میں اس پہلی کمیونٹی کے طور پر نئی تاریخ رقم کر چکا ہے جو آف شور ونڈ فارم سے صاف توانائی حاصل کر رہی ہے۔ South Fork Wind ریاست کے لیے صرف ایک انقلابی تبدیلیاں لانے والے منصوبہ ہی نہیں، بلکہ یہ امریکہ کی آف شور ونڈ انرجی انڈسٹری کی اصل بنیادوں میں سے ایک ہے اور ہماری ٹیم کے عزم، مہارت اور محنت کا ایک منہ بولتا ثبوت ہے۔ Biden اور Hochul انتظامیہ کی قیادت اور ہمارے ریاستی اور مقامی شراکت داروں اور حامیوں کی محنتوں کی بدولت، South Fork Wind اب ایک مسلسل ترقی کرتی ہوئی امریکی صنعت کو مزید آگے بڑھانے والی اسٹیج ترتیب دے رہا ہے۔"

Eversource Energy کے چیئرمین، صدر اور سی ای اوJoe Nolan نے کہا، "South Fork Wind ایک ایسا پروجیکٹ ہے جو نیو یارک والوں نے نیو یارک والوں کے لئے بنایا ہے۔ ساحلی ہوا سے پیدا کردہ صاف، قابل تجدید بجلی اب ایسٹ ہیمپٹن کے مقامی گرڈ میں رواں دواں ہے جو خاص طور سے ان مقامی یونین کارکنوں اور ٹھیکیداروں کی محنت کی بدولت ممکن ہوا جنہوں نے South Fork Wind کے ٹرانسمیشن سسٹم اور ساحلی سب اسٹیشن کی تعمیر میں ہماری مدد کی۔ یہ نیو یارک کی آف شور ونڈ انڈسٹری کے لیے اولین اقدامات والا سال رہا ہے، اور اس اہم پروجیکٹ اور امریکہ کے آف شور ونڈ سیکٹر کی ترقی کے لیے آنے والے ہفتوں میں اور بھی بہت کچھ ہونے جا رہا ہے۔"

2017 میں LIPA بورڈ آف ٹرسٹیز کی جانب سے پہلی بار منظور کردہ South Fork Wind کا تعمیراتی کام فروری 2022 میں شروع کیا گیا تھا، جب آن شور برآمدی کیبل نظام سے ابتدا کی گئی تھی جو اس پروجیکٹ کو بجلی کے مقامی گرڈ سے جوڑتا ہے اور جس کی تکمیل اس سال کے آغاز میں ہو گئی تھی۔ ونڈ فارم نے جون 2023 میں اپنا "پانی میں فولاد" والا سنگ میل عبور کیا جس میں پروجیکٹ کی اوّلین مونوپائل بنیادوں کی تنصیب کی گئی تھی۔ Van Oord کا آف شور تنصیبی جہاز Aeolus ان ٹربائنز کی تنصیب کا کام کر رہا ہے۔

South Fork Wind میں امریکہ کا بنایا ہوا ساحلی بجلی کا سب سٹیشن شامل ہے۔ تین ریاستوں میں 350 سے زیادہ امریکی کارکنان نے اس آف شور سب اسٹیشن کی تعمیر میں دن رات محنت کی، جو ایک اوپری جانب اٹھتا ڈھانچہ ہے اور ونڈ ٹربائنز سے پیدا ہونے والی بجلی کو اکٹھا کرکے اسے گرڈ سے جوڑتا ہے۔ نیو یارک یونین کے مزدوروں نے سمندر کے اندر اس کی تنصیب میں مدد کی۔

لانگ آئی لینڈ میں اپنی بنیادیں رکھنے والا کنٹریکٹر Haugland Energy Group LLC جو (Haugland Group LLC کا ایک ملحقہ ادارہ ہے)، اس نے انڈر گراؤنڈ ڈکٹ بینک سسٹم نصب کیا اور South Fork Wind کی آن شور ٹرانسمیشن لائن اور پروجیکٹ کی آن شور انٹر کنکشن سہولت کے تعمیراتی کاموں کی قیادت کی۔ LS Cable نے لانگ آئی لینڈ کے Elecnor Hawkeye کے تعاون سے ساحلی کیبلز نصب کیں اور انہیں باہم مربوط کیا۔صرف آن شور کیبل اسکوپ کے کام نے ہی اپنے طور پر لانگ آئلینڈ کے ہنر مند تجارت سے متعلقہ کارکنان کے لیے 100 سے زیادہ یونین ملازمتیں پیدا کیں۔Roman Stone جو لانگ آئی لینڈ میں ہی قائم شدہ ہیں، انہوں نے زیر سمندر کیبلز کی حفاظت کے لیے کنکریٹ کے گدے تیار کیے اور Ljungstrom نے جو مغربی نیویارک میں واقع ہیں انہوں نے Riggs Distler & Company, Inc کے ساتھ شراکت داری میں خصوصی ساختی اسٹیل ورک فراہم کیا۔

ریاستی سینیٹر Anthony Palumbo نے کہا، "آج کا دن نیویارک ریاست کے قابل تجدید توانائی کے اہداف پورے کرنے اور لانگ آئی لینڈ کے باشندوں کو کم قیمت، قابل اعتماد صاف بجلی فراہم کرنے کی جانب ایک اہم اقدام والا دن ہے۔قابل تجدید توانائی ہمارے مستقبل کی توانائی کا ایک اہم جزو ہے، اور ریاست کو یہ امر یقینی بنانے کے لیے کام کرنا لازمی ہے کہ نیویارک کے باشندے اس منتقلی کے تمام فائدوں سے مستفید ہوتے رہیں - جو ملازمت کے مواقع سے لے کر سستی توانائی تک، اور صاف ستھرے ماحول تک محیط ہیں۔"

رکنِ اسمبلی Fred W. Thiele, Jr. نے کہا، "اب اس بات میں کوئی شک و شبہ باقی نہیں رہا کہ موسمیاتی تبدیلی ایک اٹل حقیقت ہے۔ ہم روزانہ مشرقی لانگ آئی لینڈ اور پوری دنیا پر اس کے منفی اثرات پڑتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔ ریاستِ نیو یارک ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والی پالیسیوں میں جدت طرازی پیدا کرنے والا ایک رہنما رہی ہے۔ نیویارک اسٹیٹ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ (New York State Climate Leadership and Community Protection Act) کا نفاذ، جسے میں نے مشترکہ طور پر سپانسر کیا تھا، اس ایکٹ میں 2050 تک کاربن کے اخراج کو کافی حد تک کم کرنے کے لیے جارحانہ اہداف مقرر کیے گئے ہیں تاکہ فوسل فیول کو قابل تجدید توانائی، مثلاً ہوا کی طاقت، سے تبدیل کیا جا سکے۔ یہ پروجیکٹ ہمارے ماحولیاتی اور آب و ہوا کے اہداف حاصل کرنے کی جانب ایک اہم پہلا قدم ہے۔"

سفوک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Steve Bellone نے کہا، "سفوک کاؤنٹی کو صاف اور قابل تجدید توانائی کے شعبے میں ایک قومی رہنما ہونے پر فخر ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت کے ذریعے اور ہمارے علاقائی عہدیداروں اور کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے تعاون کے ساتھ، ہم آف شور ونڈ انڈسٹری میں سب سے آگے ہیں جس سے ہمیں اپنے علاقے کی طویل المدتی پائیداری اور اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے میں بہت مدد مل رہی ہے۔"

ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کے سپروائزر Peter Van Scoyoc نے کہا، "South Fork Wind کی ٹربائنز سے صاف، قابل تجدید ہوائی بجلی کی پیداوار کے آغاز اور مشرقی ہیمپٹن میں ہمارے مقامی الیکٹرک گرڈ سسٹم کو اس کی ترسیل سے یہ ایک شاندار سنگ میل بن چکا ہے جو ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کے جامع قابل تجدید توانائی کے اہداف کے ساتھ ساتھ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی مقاصد کو بھی آگے بڑھا رہا ہے۔ ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کو اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے Orsted اور Eversource کے ساتھ کام کرنے پر بہت خوشی ہوئی۔"

نیو یارک لیگ برائے کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا، "آج کا دن فوسل ایندھن سے دور ہونے اور صاف توانائی کے مستقبل کی جانب بڑھنے کے لئے نیویارک کا ایک بڑا اور اہم قدم ہے۔ کئی برسوں کی منصوبہ بندی اور ان گنت گھنٹوں کی محنت اور تعمیراتی کام کے بعد – جن میں سے بہت سے گھنٹے یونین کے اوقات تھے – آف شور ہوا سے پیدا کردہ صاف بجلی بالآخر ہمارے ساحل پر پہنچ گئی ہے۔ گورنر Hochul کی جرات مندانہ ماحولیاتی قیادت کی بدولت اور Orsted اور Eversource جیسی سمارٹ اور اختراعی کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری سے جو بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کو ترقی دینے کے لیے پُرعزم بھی ہیں اور اسے فراہم کرنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہیں، ہم جان گئے ہیں کہ یہ تو صرف شروعات ہے۔"

ریاست نیویارک کے AFL-CIO کے صدر Mario Cilento نے کہا، "ہم یہ سنگ میل حاصل کرنے کے لیے گورنر Hochul کے دل سے معترف ہیں۔ یہ نیویارک کو صاف توانائی فراہم کرنے کے اپنے اہداف پورے کرنے کی جانب انکے عزم مصمم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہم یہ امر یقینی بنانے کے لیے گورنر کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں کہ ہمارا قابل تجدید توانائی کا مستقبل اچھی اجرتیں حاصل کرنے والے کارکنوں کے ذریعے تعمیر ہو، چلایا جائے، اسکی دیکھ بھال اور مرمت کی جائے، اور وہ سبھی کارکن یونین کے معاہدوں کے ذریعے گارنٹی یافتہ مراعات اور حفاظتوں سے لطف اندوز ہوں۔"

New York State Building Trades کے صدر Gary LaBarbera نے کہا، "آج کا دن نیویارک کے قابل تجدید توانائی کے اہداف کے حصول اور ایک صاف توانائی کے مستقبل کے قیام میں ایک اہم سنگ میل کی علامت ہے جس سے متوسط طبقے کو اپنے کیریئرز میں تقویت ملی، اقتصادی ترقی وجود میں آئی، اور آنے والی نسلوں کو ترقی کی منازل طے کرنے کے لیے ایک سرسبز ماحول فراہم ہوا ہے۔ جنوبی فورک کے ذریعے لانگ آئی لینڈ کو صاف ستھری بجلی کی پہلی ترسیل صرف ان فوائد کا آغاز ہے جو سمندری ہوا ہماری میزوں پر لا سکتی ہے، اور ہمیں فخر ہے کہ ہمارے تاجروں اور کاروباری خواتین نے اس اہم ترین پروجیکٹ میں پہلی آپریشنل ٹربائنز کو مہارت اور مؤثر طریقے سے اسمبل کرنے میں اپنا کردار ادا کیا۔ وہ سبھی اپنے اس کام کو جاری رکھنے کے منتظر ہیں کہ آنے والے مہینوں میں ہوا سے بجلی پیدا کرنے والی تمام 12 ٹربائنیں بجلی پیدا کرنا شروع کر دیں، جبکہ یہ سب کام ای ایسے یونین کیریئر کی تقلید کرتے ہوئے ہوں جس سے وہ اپنے خاندانوں کو روزی بہم پہنچا سکیں اور اپنی برادریوں کو معاشی طور پر محرک کر سکیں۔"

لانگ آئی لینڈ فیڈریشن آف لیبر کے صدر John R. Durso نے کہا، "یہ پروجیکٹ یونین لیبر کے ذریعے تعمیر کیا جا رہا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اسے یونین لیبر کے ذریعے آپریٹ کیا جائے گا۔ یہ اعلان، اور اسکے ساتھ South Fork Wind کی حتمی تکمیل، اس امر کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ ہم موسمیاتی بحران سے نمٹ بھی سکتے ہیں اور اس عمل کے دوران یونین کی اچھی ملازمتیں بھی پیدا کر سکتے ہیں۔ ہم ریاستِ نیویارک، آف شور ونڈ انڈسٹری، اور دیگر تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں جو خاندانوں کی اچھی کفالت کرنے والی اجرتیں دینے میں بھی دلچسپی رکھتے ہوں اور انکے روشن مستقبل کے لئے بھی کام کریں۔"

لانگ آئی لینڈ ایسوسی ایشن کے صدر اور سی ای او Matt Cohen نے کہا، "لانگ آئی لینڈ نے آج ایک تاریخ رقم کی ہے اور اب یہ باضابطہ طور پر ملک کا آف شور ونڈ کیپٹل بن چکا ہے، اور میناسکے لئے گورنر Hochul, the Ørsted اور Eversource کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، اور ساتھ ہی لانگ آئی لینڈ پاور اتھارٹی (Long Island Power Authority) کا بھی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے اپنی کامیاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے نہ صرف گرڈ کو صاف توانائی فراہم کی بلکہ چھوٹے کاروباروں کے لیے ہزاروں ملازمتیں اور مواقع بھی پیدا کیے۔"

نساؤ اور سفوک کاؤنٹیوں کی بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل کے صدر Matthew Aracich نے کہا، "میں گورنر Hochul کا معترف ہوں کہ انہوں نے ساحلی ہوا سے پیدا کردہ بجلی کو مارکیٹ میں لانے کے لیے اپنی مہم مسلسل جاری رکھی۔ گورنر Hochul کا عزم مصمم اور وژن ہنر مند مزدوروں کے ساتھ ریاستِ نیو یارک کے تعاون

کو بلند تر کرتا رہتا ہے، اور یہی عزم بنیاد بنا ہے کہ مشرقی سمندری حدود کے ساتھ وفاقی پانیوں میں پہلی افادیت کے پیمانے پر آف شور ونڈ فارم بنائے جا رہے ہیں۔ ماحول اور آب و ہوا کو بدلنے والا یہ منصوبہ ایک ایسے نئے اقتصادی موقع کی نمائندگی کر رہا ہے جو مقامی کارکنوں کی اگلی نسل کے لیے راہیں فراہم کرتا ہے جنکی تمنا ہے کہ انہیں اچھی تنخواہوں والے ایسے مستحکم کیریئرز ملیں جو انہیں یہیں لانگ آئی لینڈ پر ملازم رہنے کی استعداد بھی دیں۔ مارکیٹ کی اس طلب کے نتیجے میں، آف شور ونڈ انڈسٹری نے لیبر کے ساتھ شراکت داری کی ہے تاکہ اپرنٹس شپ اور پری اپرنٹس شپ پروگراموں جیسے مواقع لانگ آئلینڈ کے ذریعے براہ راست بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کی طرف جانے والا راستے فراہم کریں۔ ملک بھر میں بہت سی دوسری کمیونٹیز کی کم ہوتی ہوئی افرادی قوت کے برعکس، ہماری مقامی بلڈنگ ٹریڈز کونسل نے ہوا سے بجلی پیدا کرنے کی صنعت میں Orsted/Eversource کی جانب سے لیبر کی طلب کی وجہ سے نمایاں ترقی کی ہے اور یہ کوئی معمولی اضافہ نہیں ہے۔"

New York Offshore Wind Alliance کے ڈائریکٹر Fred Zalcman نے کہا، " South Fork Wind Farm میں ٹربائنوں کی شاندار تنصیب جن سے پہلے بار بجلی پیدا کی جا چکی ہے وہ ایک خوبصورت سنگ میل ہے جو نیویارک گرڈ کو سب سے پہلے بجلی دے رہا ہے اور جس میں سمندری ہوا کی توانائی کی لامحدود فراہمی کا وعدہ چھپا ہوا ہے۔ لیکن یہ بظاہر آسان دکھائی دینے والا عمل جو سمندری ہواؤں کو کاربن سے عاری بجلی میں تبدیل کرتا ہے ممکن ہی نہیں ہوتا اگر Hochul انتظامیہ اور حکومت کی تمام سطحوں پر ان گنت رہنماؤں کا وژن اسکے ساتھ شامل نہ ہوتا جو نہ صرف اس منصوبے کے لیے ایسٹ اینڈ کمیونٹی کی زبردست حمایت اور صاف ستھری بجلی کی جانب منتقلی کا ایک شاندار ثبوت ہے بلکہ اس پراجیکٹ کے ڈویلپرز Orsted اور Eversource کی ثابت قدمی کا بھی منہ بولتا ثبوت ہے جنہوں نے وبا سے لے کر عالمی سپلائی چین کے ان تمام چیلنجز تک سب کا مقابلہ کیا جو انکے راستے کی رکاوٹ تھے۔ ساؤتھ فورک آج نیویارک کے اہم بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کی صف میں شامل ہو گیا ہے، اور ان منصوبوں کی طرح ہم آنے والی نسلوں کے لیے فوائد حاصل کرنے کی راہ پر چل پڑے ہیں۔"

Win With Wind کی بانی Judith Hope نے کہا، "مشرقی ہیمپٹن کے شہریوں پر مشتمل ہماری ٹیم اس تاریخی کاوش کا حصہ بننے پر بہت خوش ہے۔ ہمارا یقین ہے کہ ریاست نیو یارک میں سمندری ہوا سے بجلی بنانے والے مستقبل کی کامیابی کے لیے فعال مقامی تعاون لازمی ہے۔"

Citizens Campaign for the Environment کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Adrienne Esposito نے کہا، "یہ واقعی ایک سنسنی خیز اور تاریخی لمحہ ہے۔ جیسے جیسے ٹربائنیں گھومیں گی، ویسے ویسے ہم بھی توانائی کی پیداوار کی تاریخ کا ایک صفحہ پلٹیں گے۔ ونڈ ٹربائنز صاف ستھری، محفوظ توانائی کی فراہمی کے لیے امید کی ایک کرن ہیں جس سے نیویارک کے ہر شہری کو فائدہ ہوگا۔ CCE نے 18 سالوں سے آف شور ونڈ کو سپورٹ کیا ہے اور اب اسے آخر کار عمل میں آتے دیکھنا ایک خواب کو حقیقت میں بدلنے کے مترادف ہے۔ گورنر Hochul اور NYSERDA ٹیم کا بہت بہت شکریہ جنہوں نے ایک بہتر مستقبل کے لیے اس تاریخی تبدیلی کے لئے بہت محنت سے کام کیا۔"

Association for a Better Long Island کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Kyle Strober نے کہا، "Southfork Wind Farmسے پہلی بار بجلی پیدا ہونا نہ صرف لانگ آئی لینڈ بلکہ ہماری قوم کے لیے بھی ایک تاریخی لمحہ ہے۔ یہ انقلابی تبدیلیاں لانے والا پروجیکٹ ہمیں قابل تجدید توانائی کے مستقبل کے قریب تر لے جا رہا ہے اور یہ سب کچھ ریاست، Orsted، Eversource، اور مقامی کمیونٹی اور کاروباری رہنماؤں کے اشتراک سے ممکن ہوا ہے۔ گورنر Hochul، دی LIPA بورڈ، اور تمام شریک فریقوں کو مبارکباد۔ ایسوسی ایشن فار اے بیٹر لانگ آئی لینڈ کو اس اقدام کی حمایت کرنے پر فخر ہے، جس میں توانائی کے زیادہ پائیدار اور لچکدار مستقبل کی جانب ہمارے سفر پر اس اقدام کے اہم اثرات کا ادراک کیا گیا ہے۔"

Renewable Long Island کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Gordian Raacke نے کہا، " Renewable Energy Long Island نے South Fork Wind پروجیکٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچتا دیکھنے کے لیے LIPA، Ørsted، East Hampton، اور بہت سے دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ برسوں کام کیا ہے۔ یہ بالکل وہی کام ہے جسکی ریاستِ نیویارک کو اپنی ریاست کی موسمیاتی قیادت قائم رکھنے اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ میں مقرر کردہ

پُر عزم اہداف اور ٹائم لائنز پوری کرنے کے لئے ضرورت ہے۔ یہ جان کر بہت خوشی ہو رہی ہے کہ گھر اب صاف، قابل تجدید توانائی استعمال کر رہے ہیں جس سے فوری طور پر ہمارے کاربن کا مضر اخراج کم ہو رہا ہے۔"

آج کا یہ اعلان، اس ماہ کے آغاز میں گورنر کے اعلان کے ذریعے قائم کردہ تحریکی جذبے پر استوار ہے، جس کے تحت امریکہ کی تاریخ میں قابل تجدید توانائی میں سب سے بڑی ریاستی سرمایہ کاری کی تشہیر کی گئی تھی۔ ان مشروط ایوارڈز میں تین آف شور ونڈ اور 22 زمین پر قائم شدہ قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس شامل ہیں جو مجموعی طور پر 6.4 گیگا واٹ صاف توانائی پیدا کرتے ہیں، جو نیو یارک کے 2.6 ملین گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لیے کافی ہو گی اور مکمل ہونے کے بعد نیو یارک کی بجلی کی ضروریات کا تقریباً 12 فیصد فراہم کریں گے۔ جب دو مارکی آف شور ونڈ بلیڈ اور نیسیل مینوفیکچرنگ کی سہولیات کے ساتھ ملا کر کام کیا جائے گا، تو نئے اعلان کردہ ان پروجیکٹس کے اس پورٹ فولیو سے تقریباً 8,300 خاندانوں کو پالنے والی ملازمتیں پیدا ہوں گی اور ریاست بھر میں معاشی ترقی کی سرمایہ کاری میں 20$ بلین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، جس میں ڈویلپر کی جانب سے پسماندہ کمیونٹیز کی مدد کے لیے پُرعزم سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 145 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 55$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 3$ بلین سے زائد، اور NY Green Bank کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں